© rasailojaraid.com



# مطالعہ کی میز پر

تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

تبصرہ کیلئے دو کتب کا آنا ضروری ہے (ادارہ)

## بابری مسجد سے رام مندر تک

مصنف: رانا محمد شفیق خان پسروری

رانا محمد شفیق خاں پسروری علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں کی معروف شخصیت ہیں۔ وہ بلند آہنگ خطیب، پر جوش مقرر، صاحب طرز ادیب، دانشور، صحافی، سیاست دان نقاد، اوراونچے درجے کے مصنف ہیں۔ ان کا شمار وطن عزیز کے ممتاز علماء میں ہوتا ہے۔ تاریخ و سیاست اور عالم اسلام کے حالات و واقعات سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ ملکی حالات کے علاوہ بیرونی دنیا کے حالات سے بھی باخبر رہتے ہیں بالخصوص ہندوستان کے اندرونی حالات اور وہاں کے مسلمانوں کے ساتھ جو بیت رہی ہے اس پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ وطن عزیز کے قومی اخبارات میں رانا صاحب کی پُر از معلومات تحریریں جو کہ ہندوستانی سیاست، ہندو بنئے اور مسلمانوں سے متعلق ہوتی ہیں شائع ہوتی ہیں۔ روزنامہ پاکستان کے رنگین ایڈیشن کی ترتیب آپ کے قلم کی رہین منت ہے۔ رانا صاحب لکھتے ہیں اور خوبصورت پیرائے میں حقائق کو قلمبند کرتے ہیں۔ پیش نگاہ کتاب ''بابری مسجد سے رام مندر تک'' ان کی تازہ علمی کاوش ہے اس میں انہوں نے بابری مسجد سے متعلق حقائق کو نکھار کر پیش کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ بابری مسجد کی جگہ نہ کوئی مندر تھا اور نہ پوجا گھاٹ۔ اس جگہ مندر کی تعمیر یہ سب ہندو بنئے کی سازش ہے جو اس نے مسلمانوں کے خلاف بڑے منظم طریقے سے کی ہے۔ رانا صاحب نے اپنے موقف کی تائید میں مستند تاریخی کتب اور ہندوستانی رسائل واخبارات سے دلائل دیئے ہیں۔ انہوں نے 6دسمبر 1992 میں بابری مسجد کی شہادت کے واقعہ کے پس منظر میں جو ہندو ذہنیت کارفرما تھی اس کو کھل کر بیان کر دیا ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب بابری مسجد سے متعلق بہت سی نادر معلومات کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کتاب میں رانا صاحب نے ہندوستانی حکومت اور ہندو بنئے کے ظلم و جور کی جو تصویر دکھائی ہے اس سے سبق حاصل کرنا چاہئے۔ تنگ نظری، متعصب اور جہالت کسی بھی ملک وقوم کی ترقی کا باعث نہیں بنتے۔ ہندو بنئے نے جو روش اختیار کی ہے اس سے وہ یقیناً ذلیل وخوار ہوگا ان شاء اللہ۔ رانا صاحب کی یہ کتاب ان کی دیگر تصنیفات کی طرح قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔ انہوں نے یہ کتاب لکھ کر ملک وملت پر احسان عظیم کیا ہے اور ہندوستانی مسلمانوں کے موقف کی مضبوط انداز میں پرزور تائید کی ہے اس کتاب کے چند قابل توجہ عنوانات یہ ہیں:

☆ بابری مسجد کی شہادت کا جائزہ
☆ رام مندر کا سنگ بنیاد
☆ تاریخی حقائق
☆ بابری مسجد کی شہادت
☆ مسجد کی شہادت سے مندر کی تعمیر تک
☆ مندر دہشت گردی کے اڈے
☆ ہندوؤں کے باہمی اختلافات
☆ سپریم کورٹ فیصلہ کے بعد
☆ 15 مارچ کی پوجا
☆ مساجد کے خلاف مہم
☆ بابری مسجد اور فسادات

ہم امید رکھتے ہیں کہ یہ کتاب علمی و ادبی حلقے میں قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی اور اسے ذوق شوق سے مطالعہ کیا جائے گا۔ کتاب کی کمپوزنگ، کاغذ، طباعت اور جلد بندی اعلیٰ معیار کی ہے۔ 289 صفحات کی یہ کتاب وطن عزیز کے ہر شہر میں بکسٹالوں پر دستیاب ہے اس کی قیمت 125 روپے ہے۔ پڑھیے اور لطف اٹھائیے۔ بابری مسجد سے متعلق اس قدر مستند اور جامع کتاب مرتب کرنے پر ہم رانا شفیق صاحب کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔



© rasailojaraid.com